89923-خاوند اور بیوی کا مل کر گھر خریدنا اور ملکیت اپنے نام کروانا

سوال

میں نے نیت کی ہے کہ چھ فلیٹ پر مشتمل عمارت تعمیر کر کے اسے کرایہ پر دوں، تو کیا میں یہ عمارت اپنے نام کراؤں یا کہ اپنی بیوی کے نام ؟

یہ علم میں رہے کہ آدھی قیمت میں ادا کرونگا، اور آدھی قیمت میری بیوی ادا کریگی، میرے لیے اس میں کوئی مانع نہیں کہ وہ عمارت بیوی کے نام لکھی جائے، اور میری بیوی کو بھی اس میں کوئی اعتراض اور مانع نہیں کہ یہ عمارت میرے نام کی جائے، لیکن شرعی اعتبار سے کیا چیز افضل ہے ؟

پسندیدہ جواب

خاوند کو حق حاصل ہے اور اس کے لیے
جائز ہے کہ وہ اپنی بیوی کو جو چاہے اپنے مال میں سے ہبہ کر دے، بیوی کو بھی حق
حاصل ہے اور اس کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے مال میں سے جو چاہے خاوند کو ہبہ کرے،
جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

﴿اور عورتوں کو ان کے مہر راضی خوشی
دے دو، ہاں اگر وہ اپنی خوشی سے کچھ مہر تمہیں چھوڑ دیں تو اسے شوق سے خوش ہو کر
کھاؤ پیو﴾ النساء (4).

اس لیے جب آپ کا دل اپنی بیوی کو
اپنا حصہ ہبہ کرنے پر راضی خوشی ہو تو آپ یہ عمارت اپنی بیوی کے نام رجسٹری کروا
دیں، تو اس طرح یہ اس کی خاص ملکیت ہوگی.

اور اگر آپ کی بیوی اپنا حصہ راضی
خوشی اپنا حصہ آپ کو ہبہ کرتی ہے تو پھر آپ یہ عمارت اپنے نام رجسٹری کروا لیں.

اور اگر آپ دونوں میں سے ہر ایک اپنا
حصہ محفوظ رکھنا چاہتے ہے تو پھر آپ دونوں اس میں شراکت کرتے ہوئے دونوں کے نام
رجسٹری کروا لیں.

مقصد یہ ہے کہ رجسٹری حقیقت حال کے
موافق ہونی چاہیے، یہی بہتر اور اولی و افضل ہے، اور اسی میں حقوق کی بھی حفاظت ہے،

اوراختلاف ونزاع سے بچا جا سکتا ہے۔

اوراگر صورت حال اس بات کا تقاضا
کرتی ہوکہ اس عمارت کی رجسٹری صرف ایک شخص کے نام ہی ہو سکتی ہے، توپھر دوسرے شخص
کوچاہیے کہ وہ ایسی دستاویز تیار کر کے اپنے پاس محفوظ رکھے جواس کے حق کو ثابت
کرتی ہو، یعنی کسی حکومتی اسٹام پیپر لکھواکراس پر گواہیاں بھی ڈالی جائیں۔

اللہ تعالی سب کواپنی پسند اور رضا
کے کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔

واللہ اعلم۔